اسلام آباد، کراچی، لاہور، پشاور، بھکر اور مظفر آباد میں بھی دستیاب ہے

DAILY PROMOTION | ABC Certified

روزنامہ پروموشن اسلام آباد

چیف ایڈیٹر الحاج چوہدری عبدالرحمٰن

ایڈیٹر محمد صدیق انظر

جلد 19 | ہفتہ 17 اکتوبر 2026ء، 5 جمادی الاول 1448ھ، 3 کاتک 2082 بکرمی، صفحات 4، قیمت 20 روپے | شمارہ: 158

بھارتی جارحانہ دھمکیوں پر مبنی اشتعال انگیز بیانات مسترد کرتے ہیں، ترجمان دفتر خارجہ

دفتر خارجہ کا سعودی عرب پر حوثی حملوں کی مذمت، ریاض کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کی حمایت کا اعادہ

پاکستان اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کیلئے تیار، بھارت گزشتہ سال مئی کے واقعات سے سبق سیکھے، ترجمان

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان نے بھارت کو دوٹوک پیغام دیا ہے کہ اس کے امن کے عزم کو کمزوری نہ سمجھا جائے، پاکستان اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے پوری طرح تیار ہے اور کسی بھی جارحیت کا بھرپور اور مؤثر جواب دیا جائے گا۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے اسلام آباد میں ہفتہ وار میڈیا بریفنگ کے دوران بھارتی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے پاکستان کے خلاف دھمکی آمیز بیان کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کے غیر ذمہ دارانہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

وفاقی وزیر خزانہ کی عالمی بینک کے صدر سے ملاقات

ملاقات میں میں پاکستان کی معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی عالمی بینک کے صدر اجے بنگا سے ملاقات ہوئی ہے جس میں پاکستان کی معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

وسط مدتی انتخابات سے قبل ٹرمپ کو دھچکا، مقبولیت کم ترین سطح پر آ گئی

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا میں وسط مدتی انتخابات سے پہلے صدر ٹرمپ کی مشکلات میں مزید اضافہ ہو گیا۔ امریکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

حرمین شریفین کے دفاع کیلئے متحد ہیں، سعودی اتحاد

حوثیوں کے حملے بین الاقوامی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی ہیں، ترکی المالکی

ریاض (آئی این پی) سعودی فوجی اتحاد کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے کہا کہ حرمین شریفین کے دفاع کے لیے ہم متحد ہیں۔ سعودی عرب کے دارالحکومت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

محمد افضال عالمی موسمیاتی تنظیم میں مستقل مندوب مقرر

عالمی موسمیاتی تنظیم کے مستقل نمائندے کی حیثیت سے ذمہ داریاں سنبھالیں گے



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے محکمہ موسمیات کے ڈائریکٹر جنرل محمد افضال کو عالمی موسمیاتی تنظیم میں پاکستان کا مستقل نمائندہ مقرر کر دیا گیا۔ محمد افضال عالمی موسمیاتی تنظیم ڈبلیو ایم او میں پاکستان کے مستقل نمائندے کی حیثیت سے نئی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ تقرری پاکستان کی عالمی موسمیاتی تنظیم میں نمائندگی کے حوالے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کو لندن میں آنریری بینچر کا اعزاز دے دیا گیا

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے لندن میں انرٹیمپل کی بینچر زنائٹ تقریب میں شرکت کی



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی کو دورہ برطانیہ کے دوران لندن میں انرٹیمپل کی جانب سے آنریری بینچر کا اعزاز دے دیا گیا۔ سپریم کورٹ کے اعلامیے کے مطابق چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے لندن میں انرٹیمپل کی بینچر زنائٹ تقریب میں شرکت کی جہاں ان کا اعزازی بینچر کے طور پر خیر مقدم کیا گیا۔ اعلامیہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

امریکا کو ایران کیخلاف مظالم پر سزا ملنی چاہیے، باقر قالیباف

مظالم پر سزا ملنی چاہیے، اور یہ سمجھنا چاہیے کہ اسے ایرانی عوام کے جائز مطالبات تسلیم کرنا ہوں گے



تہران (آئی این پی) ایرانی پارلیمانی اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ امریکا کو ایران کے خلاف کیے گئے مظالم پر سزا ملنی چاہیے، اسے اپنا رویہ بدلنا چاہیے اور یہ سمجھنا چاہیے کہ اسے ایرانی عوام کے جائز مطالبات تسلیم کرنا ہوں گے۔ ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق چیف مذاکرات کار محمد باقر قالیباف کا کہنا ہے کہ پائیدار وفاقی روک تھام کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ٹرمپ کا ایران کیخلاف جوہری ہتھیار استعمال نہ کرنیکا اعلان

زمینی فوج بھیجنے کا امکان بھی مسترد، روس اور چین سے بات چیت کر رہے ہیں



واشنگٹن (آئی این پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران پر جوہری ہتھیار استعمال نہ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے امریکی زمینی فوج بھیجنے کا امکان مسترد کر دیا۔ فوکس نیوز کو دیے گئے انٹرویو میں امریکی صدر نے کہا ہے کہ وہ ایران کے خلاف جوہری ہتھیار استعمال نہیں کریں گے۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ وہ ایران میں امریکی فوجی دستے تعینات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

گورنر شپ نہ ملنے پر سیاسی جماعت کے سربراہ شدید ناراض ہیں، محسن نقوی

ایسے سیاستدانوں کو انگلیاں اٹھانا زیب نہیں دیتا جو ماضی میں دہائیوں تک اسٹیبلشمنٹ کے سہارے سیاست کرتے رہے

سیاسی اختلاف اپنی جگہ، لیکن غیر شائستہ زبان اور الزام تراشی کے بجائے دلائل اور حقائق کی بنیاد پر بات ہونی چاہیے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ گورنر راج میں حصہ اور گورنر شپ نہ ملنے پر ایک سیاسی جماعت کے سربراہ شدید ناراض ہیں، ایسے سیاستدانوں کو دوسروں پر انگلیاں اٹھانا زیب نہیں دیتا جو ماضی میں کئی دہائیوں تک اسٹیبلشمنٹ کے سہارے سیاست کرتے رہے۔ لاہور میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ سیاسی اختلاف اپنی جگہ، لیکن غیر شائستہ زبان اور الزام تراشی کے بجائے دلائل اور حقائق کی بنیاد پر بات ہونی چاہیے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ بعض سیاسی رہنماؤں کو آج سابق فاٹا کے انضمام کے معاملے پر بہت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28) اپنی سیاسی جماعت کے حوالے نکتہ بھی اسٹیبلشمنٹ سے جوڑتے تھے۔ سیاسی اختلاف



اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف سے سعودی سفیر ڈاکٹر راج بن طامی العقیلی ملاقات کر رہے ہیں

پنجاب AI دور میں داخل، KPK کے عوام کو اب پتا چلے گا ترقی کسے کہتے ہیں، مریم نواز

پنجاب میں اے آئی لیب بن رہی ہیں، کے پی میں پتھر کا دور ہے، پہلا لانگ مارچ تھا جو اپنی ہی حکومت کے خاتمے پر منتج ہوا، وزیر اعلیٰ پنجاب

سفارش میرے گھر سے بھی ہو تو نہیں مانتی، پنجاب میں حکومت چل کر عوام کے پاس جاتی ہے، تقریب سے خطاب

ساہیوال (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے یونیورسٹی آف ساہیوال میں گرلز ہوسٹل کی تعمیر اور زسنر سکالرشپ کی بحالی کے لیے اقدامات کا حکم دیا۔ یونیورسٹی آف ساہیوال میں لیپ ٹاپ اور ہونہار سکالر شپ چیکس تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے لیپ ٹاپ اور ہونہار سکالرشپ حاصل کرنے والے طلبہ، والدین کو مبارکباد دی اور ہونہار طلبہ کے اساتذہ کرام کو خصوصی خراج تحسین پیش کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج والدین کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے، جن کی وجہ سے طلبہ یہاں تک پہنچے۔ میں ان والدین کو سلام پیش کرتی ہوں، جنہوں نے قوم کو قابل فخر ہونہار جنریشن دی۔ کلینکل مریم نواز نوجوانوں اور والدین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

وفاقی وزیر خزانہ کی عالمی بینک کے صدر سے ملاقات

ملاقات میں میں پاکستان کی معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی عالمی بینک کے صدر اجے بنگا سے ملاقات ہوئی ہے جس میں پاکستان کی معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے عالمی بینک کی جانب سے دیے گئے تعاون پر شکریہ ادا کیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)



اسلام آباد: احسن اقبال قدر پر مبنی معاشرہ کی تعمیر سے متعلق گول میز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے

وزیراعظم شہباز شریف کی سعودی عرب کے نئے سفیر ڈاکٹر راج بن طامی العقیلی سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

پاکستان سعودیہ کی خودمختاری و سلامتی کیلئے شانہ بشانہ کھڑا ہے، شہباز شریف

پاکستان، سعودی عرب ہمیشہ شانہ بشانہ کھڑے رہے ہیں، باہمی دفاعی معاہدہ، مکہ اتحاد دونوں ممالک کے برادرانہ تعلقات میں تاریخی سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں، وزیراعظم

حوثی حملوں میں اضافے کی شدید مذمت، مکمل حمایت اور تعاون جاری رکھیں گے، وزیراعظم پاکستان کا طویل مدتی اقتصادی و مالی معاونت پر سعودی قیادت سے اظہار تشکر

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے مملکت کے شانہ بشانہ کھڑا ہے۔ انہوں نے سعودی عرب کے خلاف حوثی حملوں میں حالیہ اضافے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ان حملوں کے نتیجے میں قیمتی جانیں ضائع ہوئیں اور پاکستانی شہریوں سمیت متعدد بے گناہ افراد زخمی ہوئے۔ وزیراعظم آفس کے پریس ونگ کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف سے مملکت سعودی عرب کے نو تعینات سفیر ڈاکٹر راج طامی العقیلی نے جمعہ کو ملاقات کی۔ وزیراعظم نے پاکستان آمد پر سعودی سفیر کا خیر مقدم کیا، انہیں نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دی اور سفارتی فرائض کی انجام دہی میں کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران وزیراعظم نے پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ برسوں میں دونوں ممالک کے تعلقات میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے۔ انہوں نے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید گہرا اور وسیع کرنے کے لیے موجودہ ادارہ جاتی طریقہ کار کو مستحکم بنانے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

پاکستان 2027 میں ورلڈ بینک گروپ و IMF بورڈ آف گورنرز کی سربراہی کریگا

احد چیمہ دونوں اداروں کے بورڈ آف گورنرز کے آئندہ چیئرمین نامزد، اعلان بنکاک اجلاسوں کے پلینری سیشن میں کیا گیا

وفاقی وزیر احد چیمہ کی ڈبلیو بی جی کی نائب صدر، کارپوریٹ سیکریٹری سے ملاقات، ادارہ جاتی معاونت، رابطہ کاری پر گفتگو

اسلام آباد، بنکاک (نیوز ایجنسیاں) وفاقی وزارت اقتصادی امور نے کہا ہے کہ پاکستان 2027 میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے بورڈ آف گورنرز کی سربراہی کرے گا، وزیر اقتصادی امور احد چیمہ کو 2027 کے لیے دونوں اداروں کے بورڈ آف گورنرز کا آئندہ چیئرمین نامزد کر دیا گیا۔ وزارت اقتصادی امور کے جاری اعلامیہ کے مطابق یہ اعلان بنکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے پلینری سیشن میں کیا گیا۔ پاکستان 1953 کے بعد پہلی مرتبہ ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے بورڈ آف گورنرز کی سربراہی کرے گا، پاکستان کی چیئرمین شپ عالمی اقتصادی و ترقیاتی امور پر مؤثر کردار ادا کرنے کا اہم موقع ہے۔ وفاقی وزیر احد چیمہ کو ورلڈ بینک گروپ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

ڈہرکی، ملت ایکسپریس کی بوگی پٹڑی سے اتر گئی، آمد و رفت متاثر

کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، ٹریک کی بحالی کے لیے روہڑی سے ہیوی مشینری طلب

گھوٹکی (صباح نیوز) گھوٹکی کے قریب ڈہرکی میں ملت ایکسپریس کی ایک بوگی پٹڑی سے اتر گئی، حادثے کے باعث ڈاؤن ریلوے ٹریک پر 3 گھنٹے سے ٹرینوں کی آمد و رفت متاثر ہوئی، ریلوے انتظامیہ کے مطابق واقعہ میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ متاثرہ بوگی کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی ریکارڈ

واشنگٹن (آئی این پی) تیل بردار جہازوں پر پابندیاں نرم کرنے کے ممکنہ امریکی اقدامات کے پیش نظر سرمایہ کاروں کی محتاط حکمت عملی کے باعث خام تیل کی قیمتوں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

اوریگون میں نوجوان کی سکول پر فائرنگ، استاد اور 3 بچے ہلاک

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی ریاست اوریگون میں 16 سالہ نوجوان نے اسکول میں فائرنگ کر کے 3 بچوں اور ایک استاد کو ہلاک کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

بیت المقدس میں کولمبیا کا سفارتخانہ، پاکستان سمیت 19 اسلامی ممالک کا احتجاج

پاکستان، مصر، فلسطین، ترکیہ، جبوتی، لبنان، لیبیا، یمن، قطر، اردن، سعودیہ، کویت، الجزائر، عمان، شام، سوڈان کی مذمت

مشرقی بیت المقدس کو دارالحکومت بنا کر آزاد و خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کے حق کی حمایت کا اعادہ

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان سمیت 19 اسلامی ممالک کے وزرائے خارجہ نے کولمبیا کی جانب سے مقبوضہ بیت المقدس میں اپنا سفارت خانہ کھولنے کے اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے مسترد کر دیا ہے اور کولمبیا کی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس فیصلے پر نظرثانی کرتے ہوئے اسے واپس لے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کی جانب سے جاری مشترکہ بیان کے مطابق پاکستان، مصر، فلسطین، ترکیہ، جبوتی، لبنان، لیبیا، یمن، قطر، اردن، صومالیہ، ملائیشیا، انڈونیشیا، سعودی عرب، کویت، الجزائر، عمان، شام اور سوڈان کے وزرائے خارجہ نے کولمبیا کے اس اقدام پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے۔ مشترکہ بیان میں کہا گیا ہے کہ کولمبیا کی جانب سے بیت المقدس میں سفارت خانہ کھولنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)



بنکاک، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب پاکستان کیلئے مساوی تقی فنانسنگ پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے لیے الوار یز اور مارسل سے ملاقات کر رہے ہیں

سانحہ پشاور سکول کا مقدمہ تھانہ آغا میر جانی شاہ میں درج

مقدمہ ٹھیکیدار، مالکان اور شیئر ہولڈرز کے خلاف درج کیا گیا

پشاور (صباح نیوز) پشاور کی دیر کالونی اسکول میں چھت گرنے سے بچوں، خاتون ٹیچر کی ہلاکتوں اور 52 افراد کے زخمی ہونے کے واقعہ کا مقدمہ تھانہ آغا میر جانی شاہ میں درج کرا لیا گیا ہے۔ مقدمے کے متن کے مطابق اسکول کی عمارت میں ناقص میٹریل استعمال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)



اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی یوم اتحاد جرمنی کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

سینیٹ اجلاس ملتوی، معمول کی کارروائی بھی مکمل نہ ہو سکی

سوالات کرنیوالے ارکان موجود نہیں تھے، پریزائیڈنگ افسر نے مؤخر کر دیئے

اسلام آباد (صباح نیوز) سینیٹ اجلاس کو اراکین عدم دلچسپی کے باعث 19 اکتوبر کی شام 4 بجے تک ملتوی کر دیا گیا، اجلاس میں معمول کی کارروائی بھی مکمل نہ ہو سکی۔ سینیٹ میں سوالات کرنے والے زیادہ تر اراکان موجود نہیں تھے جس پر پریزائیڈنگ افسر شہادت اعوان نے اب تک کے تمام سوالات مؤخر کر دیے سوالات پوچھنے والے زیادہ تر ارکان غیر حاضر رہے جبکہ سید وقار مہدی سوال پوچھنے والے واحد رکن ایوان میں موجود تھے۔ دوران اجلاس، محسن عزیز نے کہا کہ یہاں کوئی سوال کرنے والے ہی نہیں ہیں۔ سینیٹر سعدیہ عباسی نے کہا کہ اسلام آباد میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

آبنائے ہرمز میں مال بردار بحری جہاز ڈوب گیا

تہران (صباح نیوز) آبنائے ہرمز میں کنٹینر بردار بحری جہاز ڈوب گیا، پانی میں تیرتے کنٹینر اور دیگر اشیاء کے مناظر سامنے آ گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق بحری جہاز آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگ سے ٹکرایا تھا، آگ لگنے کے بعد مال بردار جہاز ڈوب گیا۔

بلوچستان، پنجگور کے نوجوان شہاب نے رضاکارانہ طور پر سرنڈر کر دیا

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع پنجگور کے نوجوان شہاب نے رضاکارانہ طور پر سرنڈر کر دیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند اور ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

اشیا کی مصنوعی قلت، گرانفروشی کیخلاف کارروائی کی ہدایت

عوام کی سہولت کیلئے سپلائی چین اور قیمتوں کی مسلسل نگرانی کی جائے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت اشیائے ضروریہ کے ذخائر اور قیمتوں کے جائزہ اجلاس میں مصنوعی قلت اور گرانفروشی میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی ہدایت کی گئی۔ دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت اشیائے ضروریہ کے ذخائر اور قیمتوں کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)



غزہ، اسرائیلی بربریت میں زخمی ڈھائی سالہ فلسطینی بچی مریم خانم ہسپتال میں زیر علاج ہے

پشاور: دہشت گردوں کا پولیس چوکی پر حملہ، کانسٹیبل شہید

جوابی کارروائی پر حملہ آور فرار، علاقے میں فوری سرچ آپریشن شروع کر دیا گیا

پشاور (صباح نیوز) دہشت گردوں کے پولیس پوسٹ پر حملے کے دوران ایک کانسٹیبل شہید ہو گیا۔ سی سی پی او پشاور کے مطابق گزشتہ رات حسن خیل کی چپری میلہ پولیس پوسٹ پر دہشت گردوں نے حملہ کیا، جہاں ڈیوٹی پر مامور پولیس جوانوں نے غیر معمولی دلیری اور ثابت قدمی کے ساتھ دہشت گردوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ اس دوران شدید جوابی فائرنگ کے بعد حملہ آور پسپا ہو کر فرار ہونے پر مجبور ہو گئے۔ پولیس کی جوابی کارروائی کے دوران متعدد حملہ آور دہشت گردوں کے شدید زخمی ہونے کی اطلاعات بھی موصول ہوئی ہیں، جن کی تصدیق کی جا رہی ہے۔ پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

راول ڈیم سے کشمیر چوک تک سڑک مکمل بند

عوام ٹریفک اہلکاروں کی ہدایات پر عمل کریں، اسلام آباد ٹریفک پولیس

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ٹریفک پولیس نے شہریوں کی سہولت اور سفری روانی کو برقرار رکھنے کے لیے ایک اہم ڈائیورژن پلان جاری کیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق 15 اکتوبر 2026 سے اگلے حکم ثانی تک راول ڈیم چوک سے کشمیر چوک تک سڑک دونوں اطراف سے مکمل طور پر بند رہے گی، جس کے پیش نظر شہریوں کو متبادل راستے اختیار کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اسلام آباد ٹریفک پولیس کے مطابق سڑک کی بندش کے باعث مختلف شاہراہوں پر ٹریفک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

لاہور ہائیکورٹ، بسنت کے 10 روزہ انعقاد کے خلاف درخواست مسترد

لاہور (نیوز ایجنسیاں) لاہور ہائیکورٹ نے بسنت 2027 کے 10 روزہ انعقاد کے خلاف درخواست غیر ضروری قرار دیتے ہوئے مسترد کر دی، جبکہ درخواست گزار کو متعلقہ نوٹیفکیشن کے ساتھ دوبارہ درخواست دائر کرنے کی ہدایت بھی کر دی۔ جسٹس شرا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

دیر کالونی سکول واقعے کی تحقیقات کیلئے 2 رکنی کمیٹی تشکیل

سیکریٹری ٹرانسپورٹ زبیر احمد انکوائری کمیٹی کے چیئرمین مقرر

پشاور (صباح نیوز) چیف سیکریٹری خیبر پختونخوا نے دیر کالونی اسکول واقعے کی تحقیقات کے لیے 2 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی۔ اس حوالے سے جاری اعلامیے کے مطابق سیکریٹری ٹرانسپورٹ زبیر احمد انکوائری کمیٹی کے چیئرمین مقرر کیے گئے ہیں جبکہ چیف انجینئر سی اینڈ ڈبلیو جمشید علی خان کمیٹی کے رکن ہوں گے۔ کمیٹی اسکول کی عمارت کی ساخت اور تعمیراتی معیار کا جائزہ لے گی۔

امریکی میزائل دفاعی ذخائر 2030 تک بھی برقرار رہنے کا خدشہ

واشنگٹن (نیوز ایجنسیاں) ایران جنگ کے باعث امریکی میزائل دفاعی ذخائر پر دباؤ بڑھ گیا، جبکہ تھاڈ اور پیٹریاٹ میزائلوں کے ذخائر 2030 تک بھی انتہائی کم سطح پر رہنے کا خدشہ ظاہر کیا گیا



پشاور، نجی سکول کی چھت گرنے سے جاں بحق طلباء کی میتیں تدفین کیلئے لے جائی جا رہی ہیں

اسلام آباد میں SCO سربراہ اجلاس 2027 میں ہو گا

اجلاس میں تیاریوں پر پیش رفت اور گزشتہ فیصلوں پر عملدرآمد کا جائزہ

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی زیر صدارت 2027 میں پاکستان میں ہونے والے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہان مملکت کی کونسل کے اجلاس کی تیاریوں سے متعلق فالو اپ اجلاس منعقد ہوا، جس میں اجلاس کے انتظامات پر پیش رفت اور گزشتہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں پر عمل درآمد کا جائزہ لیا گیا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ ایس سی او کا سربراہ اجلاس رکن ممالک کے ساتھ روابط مزید مضبوط بنانے اور خطے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)



اسلام آباد، وزیراعظم افتخار گیلانی کو اسحاق ڈار، رانا ثناء اللہ، چیئرمین پارلیمانی کشمیر کمیٹی رانا قاسم نون اور سردار یعقوب شیلڈ دے رہے ہیں

دہشتگردی پر کنٹرول کے بعد نظام صوبائی حکومت کے حوالے کر دیا جائیگا، طارق فضل

وزیراعظم نے اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دی ہے، حزب اختلاف بامقصد بات چیت چاہتی ہے تو خوش آمدید کہتے ہیں

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے آئینی تقاضوں کی تکمیل ہو چکی ہے: وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری کا کہنا ہے کہ خیبر پختونخوا میں دہشتگردی پر کنٹرول کے بعد نظام صوبائی حکومت کے حوالے کر دیا جائے گا۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری کا کہنا تھا کہ وزیراعظم نے اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دی ہے، وزیراعظم نے خود اپوزیشن لیڈر سے کہا کہ بیٹھیں بات کریں، بامقصد مذاکرات کے لیے حکومت کے دروازے کھلے ہیں، اپوزیشن بامقصد بات چیت کرنا چاہتی ہے تو انہیں خوش آمدید کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

پشاور ہائیکورٹ، گورنر راج، ایمرجنسی نفاذ کیخلاف درخواستیں 20 اکتوبر کو سماعت کیلئے مقرر

گورنر راج اور ایمرجنسی کے خلاف بیرسٹر گوہر خان اور سلمان خان ایڈووکیٹ نے الگ الگ درخواستیں دائر کر رکھی ہیں

ایمرجنسی، گورنر راج کو کالعدم اور غیر قانونی قرار، درخواست کے حتمی فیصلے تک اعلامیہ کو بھی معطل کیا جائے، استدعا

پشاور (نیوز ایجنسیاں) پشاور ہائیکورٹ نے خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف درخواستیں 20 اکتوبر کو سماعت کیلئے منظور کر لیں۔ کے پی میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے خلاف بیرسٹر گوہر خان اور سلمان خان ایڈووکیٹ نے الگ الگ درخواستیں دائر کر رکھی ہیں، درخواستوں میں وفاقی و صوبائی حکومت اور دیگر حکام کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواستوں میں فیڈریشن آف پاکستان، صدر، وزیر اعظم، گورنر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

KP میں تمام سکولز کی عمارتوں کا معائنہ، ڈیڈ لائن مقرر

محکمہ مواصلات و تعمیرات کو 26 اکتوبر تک جامع رپورٹس جمع کرانے کی ہدایت

پشاور (نیوز ایجنسیاں) خیبر پختونخوا حکومت نے سرکاری سکولوں کی عمارتوں کی ساختی حفاظت یقینی بنانے کیلئے صوبے کے تمام اضلاع میں تکنیکی ٹیموں کے ذریعے تفصیلی معائنے کا فیصلہ کیا ہے۔ محکمہ مواصلات و تعمیرات کو 26 اکتوبر 2026 کی دوپہر 12 بجے تک جامع رپورٹس جمع کرانے کی ہدایت کر دی گئی۔ محکمہ ایلیمنٹری و ثانوی تعلیم خیبر پختونخوا نے محکمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

مسئلہ فلسطین صدی کی سب سے بڑی تاریخی ناانصافی ہے، چینی وزیر خارجہ

بیجنگ (آئی این پی) چین کے وزیر خارجہ وانگ ای نے کہا ہے کہ مسئلہ فلسطین اس صدی کی سب سے بڑی تاریخی ناانصافی ہے۔ اسرائیل مغربی کنارے میں یہودی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)



سانحہ پشاور میں جاں بحق بچی کا غمزدہ والد تصویر دکھا رہا ہے

مشرق وسطیٰ کی جنگیں ماحولیاتی نسل کشی کے مترادف ہیں، ایرانی صدر

تہران (آئی این پی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ مشرق وسطیٰ میں جاری جنگوں کے نتیجے میں ہونے والی ماحولیاتی تباہی کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

بنوں پولیس کو جدید بلٹ پروف گاڑیاں فراہم

جدید بلٹ پروف گاڑیوں کی فراہمی سے بنوں پولیس کی استعداد کار میں اضافہ ہو گا

پشاور (نیوز ایجنسیاں) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے فراہم کردہ جدید بلٹ پروف گاڑیاں بنوں پولیس لائن پہنچ گئیں، جن کا مقصد دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کے دوران پولیس اہلکاروں کو بہتر تحفظ فراہم کرنا اور فورس کی آپریشنل صلاحیتوں میں اضافہ کرنا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق جدید بلٹ پروف گاڑیوں کی فراہمی سے بنوں پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

DAILY PROMOTION
روزنامہ پروموشن اسلام آباد
ایڈیٹر محمد صدیق انظر
+92 333 5128826
حکومت پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
اسلام آباد، کراچی، لاہور، پشاور، بھکر اور مظفر آباد میں بھی دستیاب ہے
پبلشر حاجی محمد صدیق انظر نے انکشاف پرنٹنگ پریس سملی ڈیم بہارہ کہو اسلام آباد سے چھپوا کر مکان نمبر 29 سٹریٹ 36 سیکٹر جی سکس ٹو اسلام آباد سے شائع کیا موبائل نمبر +92 333 5128826

ادارتی صفحہ

جناب گورنر کے اقدامات

گورنر خیبر پختونخوا (کے پی) فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے دہشت گردی کا مقابلہ پوری سنجیدگی، عزم اور اتحاد کے ساتھ کرنا ہوگا۔ پشاور میں گذشتہ روز خیبر پختونخوا پولیس کے شہداء کے لواحقین میں پلاٹوں کی الاٹمنٹ کے خطوط تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ صوبے کے عوام، پاک فوج اور پولیس سمیت دیگر اداروں نے بے پناہ قربانیاں دی ہیں، شہداء کی قربانیوں کا متبادل نہیں دے سکتے، وہ شہداء کے اہل خانہ کو یقین دلاتے ہیں کہ انہیں تنہا نہیں چھوڑیں گے نہ ہی شہداء کا خون رائیگاں جانے دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ وزیر داخلہ کے شکر گزار ہیں جنہوں نے پولیس کی استعداد بڑھانے کیلئے گاڑیاں فراہم کیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ پولیس کی تنخواہوں میں اضافہ کر کے انہیں دوسرے صوبوں کے برابر کر دیا گیا ہے۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے بعد پولیس کے شہداء پیکج میں اضافے کے علاوہ پولیس کی تنخواہوں سمیت اُن کے بچوں کی تعلیم اور شادی کی مالی معاونت کا بھی اعلان کیا گیا۔ کانسٹیبل سے ڈپٹی انسپکٹر جنرل (ڈی آئی جی) رینک تک کے شہید پیکج میں 60 لاکھ سے قریباً ڈیڑھ کروڑ روپے تک کے اضافے کا اعلان کیا گیا جبکہ شہداء کے خاندانوں کیلئے پلاٹ کے بجائے گھر خریدنے کیلئے نقد مالی معاونت کے پیکج کا اعلان بھی ہوا جس کے تحت کانسٹیبل سے انسپکٹر تک ایک کروڑ 80 لاکھ، ڈی ایس پی یا اے ایس پی کیلئے ڈھائی کروڑ، گریڈ 18 اور 19 کے افسروں کیلئے ساڑھے تین کروڑ جبکہ گریڈ 20 اور اُس سے اوپر کیلئے سات کروڑ روپے دیے جائیں گے۔ پولیس اہلکاروں کے بچوں یا والدین کو ٹارگٹ کیے جانے پر 50 لاکھ روپے کی مالی امداد دی جائے گی۔ پنجاب طرز پر پولیس شہداء کی بچیوں کو شادی پر 10 لاکھ روپے بطور تحفہ دیے جائیں گے جبکہ بچوں کی تعلیمی معاونت بھی کی جائے گی۔ جناب کنڈی کا کہنا تھا شہداء کے خاندان ملک کا فخر ہیں، ان کی دیکھ بھال حکومت کی ذمہ داری ہے، اب شہداء کے ورثاء کو پلاٹ الاٹ ہونے کا انتظار نہیں کرنا پڑے گا، وہ فوری طور پر اپنی مرضی سے گھر کی تعمیر یا اسے خرید سکیں گے۔ زخمی ہونے والے اہلکاروں کیلئے مستقل معذوری کی صورت میں مالی معاونت پانچ لاکھ روپے سے بڑھا کر 50 لاکھ روپے جبکہ دوران ڈیوٹی زخمی ہونے پر ایک لاکھ روپے سے بڑھا کر 15 لاکھ روپے، قریبی اہل خانہ کی وفات پر خصوصی مالی معاونت کے تحت شریک حیات یا بچوں کی وفات پر 50 لاکھ روپے، والد، والدہ، بھائی یا بہن کی وفات پر 30 لاکھ روپے کر دی گئی ہے۔

گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے تین روز کے اندر قبائلی اور جنوبی اضلاع میں امن و امان کی بحالی، عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں میں مقامی آبادی کی براہ راست نمائندگی یقینی بنانے کے لئے 12 اضلاع پر مشتمل علاقائی ترقیاتی کونسل کی تشکیل کا انتخابی عمل بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ متعلقہ حکام کے مطابق خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع میں ہر ضلع سے دو قبائلی عمائدین یا ملک منتخب کیے جائیں گے یوں یہ کونسل مجموعی طور پر 24 ارکان پر مشتمل ہوگی۔ کونسل کے ارکان کا انتخاب روایتی جرگہ نظام، مقامی قبائلی روایات اور باہمی مشاورت کے ذریعے کیا جائے گا جبکہ پہلے مرحلے میں شمالی وزیرستان، خیبر، بنوں اور ٹل میں انتخابی عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ حکام کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے چار علاقوں میں جرگوں اور مشاورتی اجلاس کا انعقاد کیا گیا جن میں قبائلی مشران، ملک، علمائے کرام، مقامی عمائدین اور تاجر برادری کے نمائندوں نے شرکت کی۔ ان اجلاسوں میں امن و امان کی صورتحال، سکیورٹی چیلنجوں، عوام کو درپیش مسائل اور ترقیاتی ضروریات پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ ترقیاتی کونسل کی تشکیل کے حوالے سے بتایا گیا کہ نئے انتظامی نظام کے تحت باجوڑ، مہمند، خیبر، کرم، اورکزئی، شمالی وزیرستان، جنوبی وزیرستان اپر، جنوبی وزیرستان لوئر، ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، لکی مروت اور بنوں سے مقامی نمائندوں کا انتخاب کیا جائے گا اور آئندہ دو روز کے دوران باقی اضلاع میں بھی انتخابی عمل شروع ہو جائے گا۔ حکام کے مطابق قبائلی عمائدین اور مقامی آبادی کو انتظامی اور ترقیاتی فیصلوں میں موثر نمائندگی فراہم کرنے، عوامی مسائل اور ضروریات کو متعلقہ حکام تک پہنچانے اور مقامی ترجیحات کے مطابق ترقیاتی منصوبوں کی نشاندہی کے لئے متعلقہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنر جرگوں کے انعقاد اور مشاورتی عمل میں معاونت فراہم کر رہے ہیں۔ جرگوں میں شریک ملک صاحبان و مشران نے نئے انتظامی نظام پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے سرکاری اداروں اور سکیورٹی فورسز کے ساتھ تعاون جاری رکھنے اور پائیدار امن اور استحکام کے قیام کے لئے مشترکہ کوششیں کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

وفاقی حکومت کا موقف ہے کہ خیبر پختونخوا پولیس سمیت دہشت گردی کے خلاف برسر پیکار اداروں کی حالت توجہ طلب ہے۔ ان اداروں کے اہلکار طویل عرصے سے بہتر تنخواہوں، جدید اسلحے، ضروری ساز و سامان، پیشہ ورانہ تربیت اور دیگر بنیادی سہولتوں کے مطالبات کر رہے تھے لیکن سابق صوبائی حکومت نے ان مطالبات پر مطلوبہ توجہ نہیں دی۔ وفاق کا کہنا ہے کہ وہ مسلسل صوبائی حکومت پر زور دیتا رہا کہ پولیس اور محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) کی استعداد بڑھائی جائے، انہیں جدید تقاضوں کے مطابق تربیت دی جائے اور دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کیلئے تمام ضروری وسائل فراہم کیے جائیں تاہم خاطر خواہ پیش رفت نہ ہو سکی۔ خیبر پختونخوا کے سی ٹی ڈی کی انتظامی اور عملی استعداد کا معاملہ بھی طویل عرصے سے زیر بحث ہے۔ مارچ 2025ء میں وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے ایک پریس کانفرنس کے دوران دہشت گردی کی بڑھتی ہوئی لہر اور صوبے میں انسداد دہشت گردی کے انتظامات پر سوالات اٹھاتے ہوئے دعویٰ کیا تھا کہ سی ٹی ڈی کا دفتر کرائے کی عمارت میں قائم ہے۔ یہ بیان صوبے میں دہشت گردی کیخلاف کام کرنے والے اداروں کی حالت اور وسائل کے حوالے سے وفاقی حکومت کے تحفظات کا عکاس تھا۔ گورنر راج اور ایمرجنسی کی توثیق سے متعلق ہونے والے قومی اسمبلی اور سینیٹ اجلاسوں میں وفاقی وزراء نے واضح الفاظ میں کہا کہ دہشت گردی سے نمٹنے کے لئے خیبر پختونخوا کو تقریباً 800 ارب روپے فراہم کیے گئے تھے لیکن اُن کے بقول زمینی سطح پر اس کے نتائج نظر نہیں آتے۔ صوبے میں احتسابی نظام، پولیس کی استعداد اور ضم شدہ قبائلی اضلاع کی انتظامی و ترقیاتی صورتحال کے بارے میں یہ اہم سوالات ہیں جن کے جوابات ڈھونڈے جانا چاہئیں۔ اگر ان اداروں کی بہتری اور عوام کے تحفظ کے لئے اقدامات ناگزیر تھے تو انہیں بروقت عملی شکل کیوں نہ دی جا سکی؟ مزید یہ کہ اگر گورنر راج کے بعد چند روز میں پولیس کی تنخواہوں میں بہتری، ساز و سامان کی فراہمی اور آٹھ قبائلی اضلاع سمیت متعلقہ علاقوں میں انتظامی کونسلوں کے قیام جیسے اقدامات شروع کیے جا سکتے ہیں تو سابقہ دور میں ان معاملات پر پیشرفت کیوں نہیں کی گئی؟ یہ مسائل وسائل کی کمی کی وجہ سے تھے یا انتظامی بے حسی، وفاق اور صوبے کے درمیان رابطے کے فقدان یا چپقلش کا نتیجہ تھے؟ ان سوالات کے جوابات فراہم کرنا تحریک انصاف کے ذمہ داروں پر لازم ہے۔ دہشت گردی کیخلاف جنگ میں پولیس اور سی ٹی ڈی کی مضبوطی، اہلکاروں کا تحفظ، جدید تربیت، مناسب اسلحہ اور بروقت انٹیلی جنس بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔

پاکستان غریب کیوں ہے؟

اظہار خیال

چوہدری اختر سعید



عسکری دفاع کی اہمیت!

مضراب

رابعہ حسن



مودی کی نیند اڑ چکی، بھارت کی نئی نسل سے وہ خوفزدہ!

خاص مضمون

عبدالرافع رسول



آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کا 94واں یوم تاسیس!

اظہار خیال

اقبال انقلابی



جمہوریت اور قانون کی رٹ!

خبر و نظر



کیا ہی اچھا ہوتا اگر کوئی حل نکل آتا!

خاص مضمون

عبدالحمید

''آئینی ایٹم بم'' تو چلا دیا: ہن کیہ کریئے؟

تعاقب

تنویر قیصر شاہد



خبر نمبر 1

جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر جاری تنازع مزید شدت اختیار کرتا ہے تو اس کے اثرات ایران اور مغربی ایشیا تک محدود نہیں رہیں گے۔ ایرانی خبر رساں ادارے اسنا کے مطابق کاظم غریب آبادی نے ایشیا میں اعتماد سازی اور باہمی روابط کے فروغ سے متعلق کانفرنس (سیکا) کے سربراہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایران ہمیشہ اپنے ہمسایہ ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات کا خواہاں رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کو اپنے دفاع، خطرات کا مقابلہ کرنے اور ان کے ذرائع کے خلاف ضروری اقدامات کرنے کا حق حاصل ہے۔ ان کے بقول، ایران جنگ پسند نہیں، لیکن ہر جارحیت کا فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ ایرانی نائب وزیر خارجہ نے خبردار کیا کہ اگر تنازع جاری رہا اور اس میں مزید شدت آئی تو بحران صرف ایران اور مغربی ایشیا تک محدود نہیں رہے گا، بلکہ اس کے اثرات دوسرے خطوں تک بھی پھیل سکتے ہیں۔ غریب آبادی کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب خطے میں کشیدگی اور ممکنہ علاقائی تصادم کے خدشات بدستور موجود ہیں۔ ان کے بیان میں ایک جانب ہمسایہ ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات کی خواہش کا اظہار کیا گیا، جبکہ دوسری جانب ایران کے دفاع اور جوابی کارروائی کے حق پر زور دیا گیا۔

خبر نمبر 2

نشریاتی ادارے فوکس نیوز کے سروے میں صدر ٹرمپ کی مقبولیت کم ترین سطح پر آ گئی۔ سروے میں امریکی صدر کی مجموعی کارکردگی پر 64 فیصد نے عدم اطمینان کا اظہار کیا جب کہ 36 فیصد کارکردگی سے مطمئن نظر آئے۔ امریکی نشریاتی ادارے کے مطابق سروے میں 55 فیصد امریکیوں نے صدر ٹرمپ کے مہنگائی پر قابو پانے کے دعوے کو مسترد کردیا۔ سروے میں 74 فیصد نے نہ صرف معاشی صورتحال پر شدید پریشانی کا اظہار کیا بلکہ 53 فیصد نے مستقبل میں امریکی معیشت میں مزید خرابی کا خدشہ ظاہر کیا۔ سروے میں مہنگائی کے خلاف صدر ٹرمپ کی کارکردگی سے بھی 77 فیصد امریکی ناراض نظر آئے جب کہ 66 فیصد نے امریکا کی مجموعی سمت پر عدم اطمینان کا اظہار کیا۔ فوکس نیوز کے مطابق ان کے سروے میں صدر ٹرمپ کی مقبولیت ان کے کسی بھی دور کی کم ترین شرح ہے۔

خبر نمبر 3

جریدہ دی پرنٹ کے مطابق بھارت میں ناقص تصدیق کے باعث سالوں سے بھرتی بی ایس ایف کے 400 اہلکاروں کی اہلیت مشکوک قرار دے دی گئی۔ متعلقہ اداروں سے تصدیق کے بعد مودی نے خود امیدواروں میں تقرری نامے تقسیم کیے تھے، نیشنل اسکل ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے مطابق ادارے نے تقریباً 8 سال تک تصدیقی سرٹیفکیٹس جاری ہی نہیں کیے۔ 8 سال سے عدم دستیاب سرٹیفکیٹس کو لازمی قرار دینے نے بھارتی نظام کی نااہلی اور شفافیت کے دعووں کا پول کھول دیا۔

خبر نمبر 4

مدارس کے بچے کو بھی حکومت کی سکیم میں شامل کیا گیا ہے۔ بچوں کو ورک فار پنجاب کے تحت یونیورسٹی سے فارغ التحصیل بچوں کو 65,60 ہزار روپے ماہانہ کی انٹرن شپ دے رہے ہیں۔ سکول، کالج اور یونیورسٹی سے فارغ التحصیل طلبہ کو ذمہ داریاں دینے کا سوچ رہے ہیں۔ پنجاب بھر کے تعلیمی اداروں میں واش روم، پینے کا پانی، آرٹیفیشل انٹیلیجنس بن رہی ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بچوں کو AI ٹول کیساتھ اختیار اور طاقت دے رہے ہیں، 5 لاکھ بچوں کو دو سال میں سکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت ہنرمند بنایا۔ باہر جانے والے ہنرمند بچوں کو پرواز کارڈ کے ذریعے ٹکٹ وغیرہ بھی مہیا کر رہے ہیں۔

خبر نمبر 5

میں پاکستان کی معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگ زیب نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان معاشی اصلاحات پر عملدرآمد کر رہا ہے، عالمی بینک پاکستان کی بھرپور حمایت کر رہا ہے۔

خبر نمبر 6

ویب سائٹ ایکس پر بیان میں سکاٹ بیسنٹ کا کہنا تھا کہ نئی پابندیاں آپریشن اکنامک آؤٹ کاسٹ کے تحت عائد کی گئی ہیں، ایران سے تعلق پر ایک عراقی بینک اور مشرق وسطیٰ و ایشیا میں قائم مالیاتی نیٹ ورکس پر پابندیاں لگائی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ ایرانی معیشت کے گرد گھیرا مزید تنگ ہو رہا ہے، واشنگٹن ایران پر مالی دباؤ جاری رکھے گا۔ امریکی وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ ایرانی حکومت کو فوجی سرگرمیوں کیلئے مالی وسائل سے محروم کر دیں گے، ایران کے نام نہاد اتحادی بھی اسے معاشی تباہی سے نہیں بچا سکتے۔

خبر نمبر 7

کی۔ ترکی المالکی نے کہا کہ حوثیوں کے حملے بین الاقوامی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی ہیں، دفاعی نظام نے حوثی ملیشیا کے فائر کیے گئے متعدد میزائلوں اور راکٹ لانچرز کو تباہ کر دیا۔ انہوں نے بتایا کہ سعودی عرب کی متعدد اہم تنصیبات کو نشانہ بنانے کی حوثیوں کی کوشش ناکام بنا دی گئی، یمن کے پہاڑی علاقوں میں حوثی ملیشیا کے اسلحے کے 120 سے زائد ذخیرے تباہ کر دیے۔ ترجمان سعودی اتحادی فوج کا مزید کہنا تھا کہ یمن میں صنعا کے بعض علاقوں میں حوثی ملیشیا نے میزائل فائر کیے، صنعا کے متاثرہ علاقوں سے آبادی کا انخلا کیا جا رہا ہے۔

خبر نمبر 8

جارحیت کا بھرپور جواب دے کر اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کی صلاحیت اور عزم کا مظاہرہ کر چکا ہے۔ بھارت کو گزشتہ سال کے واقعات سے سبق سیکھنا چاہیے اور پاکستان کے خلاف جارحانہ طرز عمل سے گریز کرنا چاہیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کسی بھی غیر دانشمندانہ جارحیت کا مقابلہ کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ بھارت کو پاکستان کے تحمل اور امن کے عزم کو کمزوری نہیں سمجھنا چاہیے بلکہ جارحانہ طرز عمل اور خطرناک بیان بازی ترک کر کے خطے میں پائیدار امن کے لیے ذمہ دارانہ رویہ اختیار کرنا چاہیے۔ سجاد حیدر خان نے بھارتی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے حالیہ بیان کے حوالے سے کہا کہ پاکستان کے خلاف فوجی کارروائی کی دھمکی اشتعال انگیز ہے اور اس نوعیت کے بیانات خطے میں کشیدگی بڑھا سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ راج ناتھ سنگھ نے اپنے حالیہ بیان میں کہا تھا کہ پاکستان کی جانب سے کسی بھی آئندہ مبینہ دہشت گردی کی کارروائی کا پہلے سے زیادہ سخت جواب دیا جائے گا۔ اس پر پاکستان نے واضح کیا ہے کہ وہ اپنی سرزمین، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے لیے مکمل طور پر تیار ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے سعودی عرب پر حوثی حملوں کی بھی مذمت کرتے ہوئے مملکت کے ساتھ پاکستان کی مکمل یکجہتی کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور اپنی سرزمین و شہریوں کے دفاع کے جائز حق کی حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان نے 11 اکتوبر کو سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کے ساتھ آر فور ممالک کے مشترکہ موقف کے تحت سعودی عرب پر ہونے والے حملوں کی مذمت کی تھی، جن میں ریاض ایئرپورٹ سمیت مختلف اہداف کو نشانہ بنانے کے واقعات بھی شامل تھے۔ ترجمان کے مطابق چاروں ممالک نے سعودی عرب کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے حملے فوری اور غیر مشروط طور پر بند کرنے کا مطالبہ کیا تھا اور مملکت کے اپنے شہریوں اور سرزمین کے دفاع کے حق کی حمایت کا اعادہ کیا



لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان پنجاب یونیورسٹی میں شاہد صدیقی کی کتاب "عرفان صدیقی اور میں کی رونمائی" کے موقع پر شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

کانسٹیبل سے انسپکٹر تک معاوضہ 1 کروڑ 70 لاکھ روپے کر دیا، گورنر KPK — ریلیف پیکیج میں اضافہ کا اعلان

ڈی ایس پی، اے ایس پی رینک کے شہدا کا معاوضہ ڈھائی کروڑ، دوران ڈیوٹی زخمی اہلکاروں کا پیکیج 15 لاکھ

پولیس شہداء کے ورثاء کو پلاٹ کی جگہ براہ راست مالی معاونت فراہم کی جائے گی: گورنر فیصل کریم کنڈی کا اعلان

لیتھیم بیٹریوں کی مقامی اسمبلنگ کیلئے پاکستانی اور چینی کمپنی میں معاہدہ

صنعتی بنیادی ڈھانچے، الیکٹرک گاڑیوں اور صنعتی شعبے کے لیے جدید انرجی اسٹوریج سسٹم تیار کرنے کا منصوبہ

مریدکے میں دو مختلف واقعات — تین افراد شدید زخمی

ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی تاریخ میں توسیع خوش آئند: میاں عبدالغفار



اسلام آباد: نائب وزیر اعظم سینیٹر اسحاق ڈار سے سعودی عرب کے سفیر ڈاکٹر نواف بن سعید المالکی ملاقات کر رہے ہیں

وزیر خزانہ کی عالمی مالیاتی اداروں سے ملاقاتیں، برآمدات میں اضافے پر زور

امریکی محکمہ خزانہ کی انڈر سیکرٹری برائے بین الاقوامی امور ایرن براؤن سے ملاقات، اہم امور پر تبادلہ خیال

IMF پروگرام، ٹیکس اصلاحات، زرمبادلہ کے ذخائر تقریباً 21.6 ارب امریکی ڈالر تک پہنچنے سے متعلق آگاہ کیا



لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کا لاہور چیمبر کے عہدیداران کے ہمراہ گروپ فوٹو

لاہور میں مختلف مقامات سے خاتون سمیت تین افراد کی لاشیں برآمد

ڈیفنس سی بریک عبداللہ پل کے قریب سے 35 سالہ نامعلوم خاتون کی لاش برآمد ہوئی

سابق گورنر سندھ حکیم محمد سعید کی 28 ویں برسی آج منائی جائے گی

سعودی عرب کے دفاع کیلئے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے: سردار مسعود

سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان کشیدگی کی جڑیں یمن کی خانہ جنگی سے جڑی ہیں، سابق صدر آزاد کشمیر

امریکہ کے نمائندے اور حوثی عمان میں ملاقات کر سکتے ہیں تو سعودی عرب اور حوثیوں کے درمیان بھی سفارتی رابطے ممکن ہونے چاہئیں

پیپلز پارٹی کا بلدیاتی انتخابات کی تیاریوں کے لیے اہم اجلاس

ذیشان رفیق کی زیر صدارت ستھرا پنجاب اتھارٹی آفس میں اجلاس

گوجرانوالہ، لاہور، راولپنڈی، سرگودھا، ڈی جی خان، بہاولپور، ملتان اور فیصل آباد ڈویژن کا جائزہ



لاہور: شہید ملت لیاقت علی خان کی برسی پر ایوان اقبال کمپلیکس میں منعقدہ تقریب سے ایسوسی ایٹ پروفیسر جی سی یو لاہور ڈاکٹر الماس خانم خطاب کر رہی ہیں

پیپلز پارٹی کا پنجاب میں بلدیاتی انتخابات مزید 4 ماہ مؤخر کرنے پر اظہارِ تشویش

عوام کو وعدے نہیں، منتخب نمائندے چاہئیں، بلدیاتی انتخابات میں تاخیر کسی صورت قبول نہیں: رانا فاروق سعید

بلدیاتی انتخابات کوئی احسان نہیں، عوام کا جمہوری حق، الیکشن کمیشن اپنا آئینی کردار ادا کرے، جمہوریت پسند جماعتیں ساتھ دیں گی

خیبر پختونخوا کے لوگ دہشتگردی کا خاتمہ چاہتے ہیں: سردار محمد یوسف

12 اضلاع میں ایسے علاقے موجود تھے جہاں حالات کے باعث لوگوں کا آنا جانا بھی مشکل تھا

ترقیاتی بجٹ میں کٹوتی تشویشناک ہے: مدثر مسعود چوہدری

صنعتی پہیہ سست، برآمدات خطرات سے دوچار، حکومت پالیسیوں پر نظرثانی کرے



اسلام آباد: فوٹو جرنلسٹ آصف فاروق میڈیا ایکسیلینس ایوارڈ وصول کر رہے ہیں

پوری امت مسلمہ میں حرمین شریفین کے تحفظ کیلئے جان بھی قربان کا جذبہ

سانحہ کارساز کے شہداء کی 19 ویں برسی کل منائی جائے گی

صدر آزاد کشمیر سے اسپیکر، سیاسی قائدین کی ملاقاتیں

موجودہ صورتحال، پارلیمانی امور سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال



اسلام آباد: صدر آزاد کشمیر ڈاکٹر محمد نجیب خان سے اسپیکر اسمبلی چوہدری طارق فاروق ملاقات کر رہے ہیں

پنجاب کرسچن سکسیشن بل 2026 اسمبلی میں جمع

مسیحی برادری کے وراثتی حقوق کے تحفظ کے لیے نئے قانون کی تجویز

وصیت کے ذریعے جائیداد کا صرف 25 فیصد حصہ دینے کی اجازت ہوگی

نوجوان نسل کو تاریخ سے روشناس کرانا اولین ترجیح ہے: ڈاکٹر احسان بھٹہ

سندھ حکومت کے زیر تربیت افسران کا مزار اقبال، بادشاہی مسجد اور شاہی قلعہ کا دورہ



کوئٹہ: سردی کی آمد کے ساتھ ہی کوئلے کا بھرا ٹرک فروخت کے لیے لے جایا جا رہا ہے

سانگلہ ہل میں پاک فوج سے اظہارِ یکجہتی کیلئے ن لیگ یوتھ ونگ کی ریلی

پاکستان زندہ باد کے نعرے، ملکی استحکام کے لیے مثبت سیاست ناگزیر ہے: چوہدری عاصم رندھاوا

پنجاب میں ڈرائیونگ لائسنس کے اجراء میں ریکارڈ 34 فیصد اضافہ

گزشتہ 2 ہفتوں میں 3 لاکھ 24 ہزار سے زائد ڈرائیونگ لائسنس جاری



اسلام آباد: حنیف عباسی کی بیٹی کی تقریب رخصتی کے موقع پر صدر محمد مجیب خان اور اسپیکر ایاز صادق مصافحہ کر رہے ہیں



پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام CUST میں آگاہی سیشن کے شرکاء کا گروپ فوٹو

غیر متعدی امراض میں اضافہ، غیر صحت بخش غذاؤں کیخلاف پناہ کی آگاہی مہم

CUST میں سیشن، نوجوانوں پر صحت مند غذائی انتخاب کے فروغ کیلئے فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کی حمایت کرنے پر زور

فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز لازمی قرار دینے سے پیک مصنوعات کی شناخت کرنے میں مدد مل سکتی ہے: ثناء اللہ گھمن

لاہور ہائیکورٹ کا بغیر نوٹیفکیشن بسنت کو چیلنج کرنے پر برہمی کا اظہار

نوٹیفکیشن کے بغیر بسنت کو کیسے چیلنج کر دیا گیا: جسٹس شہرام سرور چوہدری

نئی شیڈول کے تحت نئی چلنے والی ملت ایکسپریس حادثے کا شکار

لاہور: ٹرالر موت بانٹنے لگے، 22 ویلر ٹرالر تلے آ کر 2 نوجوان جاں بحق



لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان پنجاب یونیورسٹی میں جاری تین روزہ کتاب میلے کے دوسرے روز اسٹال پر کتابیں دیکھ رہے ہیں

PTI اگر اب بھی اپنا آئینی و قانونی کردار نبھائے تو بچ سکتی ہے: رانا ثناء

اپوزیشن کے اپنے رویوں کی وجہ سے ان کا نقصان ہو رہا ہے، ہمیں خود افسوس ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو نظر بند کرنا پڑا

سب کو علم ہے کہ پی ٹی آئی سوشل میڈیا فاسق گفتگو کر رہا ہے، صوبائی، مرکزی حکومت کی ایک پالیسی نہ ہوئی تو ملک کو خطرہ ہے



لاہور: موٹر سائیکل سوار شہری ریڑھی والے سے ٹماٹر خرید رہا ہے

الحمرا اکیڈمی آف پرفارمنگ آرٹس کی تزئین و آرائش مکمل

نوجوانوں کی فنی و تخلیقی تربیت کے لیے اکیڈمی کو جدید خطوط پر استوار کر دیا گیا: نواز گوندل

میانوالی، خاتون کو لفٹ دینا زمیندار کو مہنگا پڑ گیا

صحت کیلئے ہمارا 14 ماہ کا کام پچھلے 30 سالوں سے بہتر ہے: مصطفیٰ کمال

پاکستان میں سالانہ 11 ہزار مائیں مر رہی ہیں، دنیا میں دوران زچگی کہیں بھی ایک عورت بھی نہیں مرتی، وزیر صحت

جم کی مشینری پر ٹیکس لگایا گیا ہے تاکہ رقم لگا کر شہریوں کو اسپتالوں میں بھیجنے کے بجائے صحت کے شعبے پر توجہ دی جائے

میڈیکل و ڈینٹل کالجز فیسوں میں اضافہ ظالمانہ اقدام: جاوید قصوری

تعلیم کو مزید مہنگا کرنا حکومتی ترجیحات پر سوالیہ نشان، اعلیٰ تعلیم کے دروازے بند کیے جا رہے ہیں

عینک سازی خدمت بصارت کی بدولت صدقہ جاریہ ہے: خالد سہیل گلزاری



لاہور: پنجاب ویٹ لفٹنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام چیمپئن شپ کی افتتاحی تقریب میں ویمن کھلاڑیوں کا سیکرٹری جنرل عقیل جاوید بٹ و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

جنرل ہسپتال میں عالمی یوم اینستھیزیا پر آگاہی سیمینار، کیک کاٹا گیا

آپریشن کے دوران مریض کی زندگی کا تحفظ اینستھیزیالوجسٹس کی مہارت سے وابستہ ہے: پروفیسر جودت سلیم

جدید تحقیق اور محفوظ سرجری کے فروغ میں شعبہ اینستھیزیا کو کلیدی اہمیت حاصل: طبی ماہرین